## سوال

(341) اگر بیوی اپنے شوہر کو طلاق دے دے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر بیوی اپنے شوہر کو طلاق دے دے تو اس پر کوئی کفارہ ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر عورت اپنے شوہر کو طلاق دے دے تو طلاق واقع نہیں ہوگی اور نہ ہی اس پر کوئی کفارہ ہے۔ البتہ وہ اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار کرے۔ کیونکہ اس کی طرف سے اپنے شوہر پر طلاق کا وقوع شرعی دلائل کے مخالف ہے۔ بلاشبہ شرعی دلائل کا تقاضا یہ ہے کہ طلاق صرف شوہر کے ہاتھ میں ہو یا اس شخص کے ہاتھ میں جو شرعاً شوہر کا قائم مقام ہو۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ نکاح وطلاق

# ص426

محدث فتویٰ